Vaccinate WA
CovidVaccineWA.org

# کووڈ-19 ویکسینز اور تولیدی صحت

## عمومی سوالات

اس متعلق تشویش ہونا عام بات ہے کہ کووڈ-19 ویکسینز تولیدی صحت پر کس طرح اثر انداز ہو سکتی ہیں۔ Centers for Disease Control and Prevention (CDC)، مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد) نے 6 ماہ اور زائد عمر کے تمام افراد، بشمول وہ خواتین جو ابھی حاملہ ہونے کی کوشش کر رہی ہیں یا جو مستقبل میں حاملہ ہو سکتی ہیں، کے لئے کووڈ-19 کی تجویز دی ہے۔ فی الحال اس بات کا کوئی ثبوت دستیاب نہیں کہ ویکسینز، بشمول کووڈ-19 ویکسینز ابھی یا مستقبل میں تولیدی صحت کے مسائل پیدا کر سکتی ہیں۔

ماضی میں تولیدی مسائل، غیر سفید فام افراد کے ساتھ نسل پرست رویے کے تاریخی صدمے، یا طبی شعبے میں خواتین/مخنث مرد و خواتین/کسی صنف سے تعلق نہ رکھنے والے افراد کی طبی شکایات کو عام طور پر مسترد کیے جانے کے باعث چند قارئین اس دستاویز میں درج موضوعات کے متعلق حساس ہو سکتے ہیں۔

**کووڈ-19 ویکسین اور تولیدی صحت کے متعلق چند عام سوالات کے جوابات جاننے کے لئے ذیل میں دیکھیے۔**

### سوال: کیا کووڈ-19 ویکسین سے میری بچے پیدا کرنے کی صلاحیت اثر انداز ہو گی؟

**جواب:** اس بات کا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسینز سمیت کوئی بھی ویکسین جنس/صنف سے بالاتر ہو کر تولیدی صلاحیت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ویکسینز کوروناوائرس کا مقابلہ کرنے کے لئے آپ کے جسم کے مدافعتی نظام کے ساتھ کام کرتی ہیں اور آپ کے تولیدی اعضاء میں مداخلت نہیں کرتیں۔ کووڈ-19 ویکسینز کے کلینکل ٹرائلز میں اور حاملہ ہونے کی کوشش کرنے والے جوڑوں کے ایک بڑے متوقع مطالعے میں کووڈ-19 ویکسینز لگوانے اور نہ لگوانے والوں میں حاملہ ہونے کی شرح یکساں تھی۔ کووڈ-19 ویکسینز محفوظ اور مؤثر ہیں۔ Centers for Disease Control and Prevention (CDC)، American College of Obstetricians and Gynecologists (ACOG، امریکی کالج برائے ماہرین وضع حمل اور ماہرین امراض نسواں)، اور Society for Maternal-Fetal Medicine (SMFM، سوسائٹی برائے ماں اور جنین کی طب) نے حاملہ، دودھ پلانے والی یا حاملہ ہونے کی منصوبہ بندی کرنے والی خواتین کے لئے کووڈ-19 ویکسین کی تجویز دی ہے۔

اس لنک پر ڈاکٹر LaSalle سے جانیں کہ کووڈ ویکسینیشن کی تجویز کیوں دی جاتی ہے: تولیدی صلاحیت اور کووڈ-19 ویکسینز - یوٹیوب

### سوال: کیا ویکسین سے میرے حیض پر اثر ہو گا؟

**جواب:** کووڈ-19 ویکسین لگوانے والی کچھ خواتین نے ویکسین لگوانے کے بعد حیض میں تبدیلیوں کی اطلاع دی ہے، جیسا کہ طویل حیض، حیض کے درمیان کم وقفہ یا معمول سے زیادہ خون آنا۔ 2022 کے ایک مطالعے میں معلوم ہوا کہ حیض کے دوران کووڈ-19 ویکسین لگوانے والی خواتین کی خوراکوں کے وقت کے دوران ان کے حیض کی مدت میں ایک دن سے کم وقت کا اضافہ ہوا۔ ایک دن کی تبدیلی حیض کے تغیر کی نارمل حد میں آتی ہے۔ حیض میں ممکنہ عارضی تبدیلیوں کے باوجود **ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسینز سے تولیدی مسائل جنم لیتے ہیں۔** آپ کے حیض میں تبدیلی سے بیضہ ریزی کا وقت تبدیل ہو سکتا ہے۔ جو افراد حیض کے چکر پر انحصار کرنے والی فطرتی فیملی پلاننگ یا دیگر طریقے استعمال کرتے ہیں، انہیں بیضہ ریزی کے وقت کا اندازہ کر کے حمل سے گریز کرنے/اس کا منصوبہ بنانے میں مشکل ہو سکتی ہے۔ اپنے فراہم کنندہ سے اپنے حیض کے چکر کے بارے میں بات کریں اور فیملی پلاننگ کے بارے میں مزید جانیں۔

### سوال: کیا کووڈ-19 ویکسینز مانع حمل پر اثر انداز ہو سکتی ہیں؟

**جواب:** Planned Parenthood کے مطابق اس بات کا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسینز مانع حمل کے اثر کو بڑھاتی یا گھٹاتی ہیں۔ ابھی تک ویکسین یافتہ افراد کی جانب سے ایسی کوئی اطلاعات موصول نہیں ہوئیں کہ ویکسین لگوانے کے بعد مانع حمل کا اثر ختم ہو گیا۔ اگرچہ حیض کے چکر میں تبدیلی کی اطلاعات ملی ہیں، اس سے انسان کے مانع حمل کے عمل پر اثر نہیں ہوتا۔ اس سے حمل کے چکر اور بیضہ ریزی کی مدت کا اندازہ کرنے میں مشکل ہو سکتی ہے؛ جو خواتین فطرتی مانع حمل استعمال کرتی ہیں، جیسا کہ تولیدی صلاحیت سے آگاہی کا طریقہ، انہیں یہ جاننے میں مشکل ہو سکتی ہے کہ ان کی بیضہ ریزی کا وقت کیا ہے۔ ایسے ٹولز موجود ہیں جو بیضہ ریزی کا وقت معلوم کرنے میں مددگار ہو سکتے ہیں۔ تجویز دی جاتی ہے کہ آپ اپنے فراہم کنندہ سے اپنے اختیارات کے بارے میں بات کریں اور مزید جانیں۔

## سوال: کیا ویکسین نطفے پر اثر انداز ہو سکتی ہے یا مردانہ کمزوری پیدا کر سکتی ہے؟

**جواب:** فی الحال اس بات کا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسینز سمیت کوئی بھی ویکسین مردانہ تولیدی اعضاء کے مسائل یا مردانہ کمزوری کا باعث بنتی ہے۔ mRNA کووڈ-19 ویکسین لگوانے والے 45 صحت مند مردوں پر مشتمل ایک حالیہ مختصر مطالعے میں ویکسینیشن سے پہلے اور بعد میں نطفے کی خصوصیات، جیسا کہ معیار اور حرکات کا جائزہ لیا گیا۔ محققین کو ویکسینیشن کے بعد نطفے میں کوئی خاص تبدیلیاں نہیں ملیں۔ متبادل طور پر ایک مطالعے میں ظاہر ہوا کہ کووڈ-19 انفیکشن کے باعث مردوں کی تولیدی صلاحیت میں 60 دن تک کمی واقع ہو سکتی ہے۔ کسی بھی بیماری سے ہونے والا بخار، جو کہ کووڈ-19 کی عام علامت بھی ہے، ممکنہ طور پر نطفے کی پیداوار میں کچھ وقت تک کمی پیدا کر سکتا ہے۔ اگرچہ بخار کووڈ-19 ویکسینیشن کا ضمنی اثر ہو سکتا ہے، ابھی تک ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ ویکسینیشن سے ہونے والا بخار نطفے کی پیداوار پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اگر آپ کے مزید خدشات ہیں تو اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔

## سوال: کیا ویکسین IVF (ان وائٹرو فرٹیلائزیشن) علاج پر اثر انداز ہوتی ہے؟

**جواب:** ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسین IVF علاج کروانے والے افراد کے نتائج پر اثر انداز ہوتی ہے۔ مطالعات سے ظاہر ہوا ہے کہ کووڈ-19 mRNA ویکسین کا IVF میں کامیابی کی شرح پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ایک مطالعے میں ویکسین یافتہ اور غیر ویکسین یافتہ مریضوں کے بیضہ دانی کو تحریک دینے کے ردعمل، بیضے کے معیار، ایمبریو کی نشونما یا حمل کے نتائج کے درمیان کوئی خاص فرق نہیں پائے گئے۔ کووڈ-19 ویکسینز کا تولیدی صلاحیت پر اثر ظاہر نہیں ہوا، نہ ہی اس سے پہلے سے حاملہ ہونے کی کوشش کرنے والوں کے لئے مزید مشکلات پیدا ہوئیں۔ حمل کے دوران اور اس سے پہلے کئی ویکسینز معمول کے مطابق محفوظ طریقے سے دی جاتی ہیں، جیسا کہ فلو، ٹیٹنس اور ڈفتھیریا ویکسینز۔ حاملہ ہونے کی کوشش کرنے والے افراد سمیت 6 ماہ اور زائد عمر کے تمام افراد کے لئے کووڈ-19 ویکسین کی تجویز دی جاتی ہے۔

## سوال: کیا کووڈ-19 ویکسین حمل گرنے کا باعث بن سکتی ہے؟

**جواب:** جی نہیں، حمل سے پہلے، اس کے دوران اور بعد میں کووڈ-19 ویکسین لگوانا محفوظ ہے۔ ایسا کوئی ثبوت موجود نہیں کہ کووڈ-19 ویکسینز سے حمل گرنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ کووڈ-19 ویکسین لگوانے والوں میں حمل گرنے کی زائد شرح نہیں پائی گئی۔
حمل گرنے کی شرح لوگوں کی سوچ سے زیادہ ہوتی ہے، کل میں سے تقریباً 10 سے 20 فیصد حمل گر جاتے ہیں۔ ویکسین لگوانے والی کچھ خواتین کا حمل گر سکتا ہے، لیکن اس کا تعلق ویکسین سے نہیں- ویکسینیشن کی حیثیت سے بالاتر ہو کر حمل گر سکتا ہے۔ درحقیقت جن افراد کو حمل کے آغاز میں شدید کووڈ-19 انفیکشن ہو جائے، ان کا حمل گرنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ ویکسینیشن آپ اور آپ کے بچے کے لئے کووڈ-19 کے خلاف بہترین تحفظ ہے۔

### وسائل


.Centers for Disease Control and Prevention, “COVID-19 Vaccines for People Who Would Like to Have a Baby”. 2022
ذیل پر آن لائن دستیاب ہے: Vaccines for People Who Would Like to Have a Baby | CDC19 COVID-

American College of Obstetricians and Gynecologists, ‘COVID-19 Vaccination Considerations for Obstetric-Gynecologic Care”. 2022. ذیل پر آن لائن دستیاب ہے: COVID-19 Vaccination Considerations for Obstetric–Gynecologic Care | ACOG

World Health Organization, “Questions and Answers: COVID-19 vaccines and pregnancy.” 2022. ذیل پر آن لائن دستیاب ہے: Questions and Answers: COVID-19 vaccines and pregnancy (who.int)

Mount Sinai, “Large Study Provides Reassurance that COVID-19 Vaccination Does Not Affect Fertility or Early Pregnancy.” 2022. ذیل پر آن لائن دستیاب ہے: Large Study Provides Reassurance that COVID-19 Vaccination Does Not Affect Fertility or Early Pregnancy | Mount Sinai - New York


*ذاتی طبی فیصلوں کے متعلق ہمیشہ اپنے بھروسہ مند طبی ماہرین سے مشورہ کریں۔*


DOH 825-053 July 2022 Urdu
کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لیے، 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین براہ کرم (Washington Relay) 711 پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔
Washington State Department of Health